OULE-002

Diploma in Urdu Language Programme

(DUL)

Assignment

2023 - 2024)

عصری اردو فکشن

Asari Urdu Fiction
(OULE-002)

School of Humanities

Indira Gandhi National Open University

Maidan Garhi, New Delhi-110068

اسائن منٹ

اردو ڈپلوما پروگرام (DUL)

یہ امید کی جاتی ہے کہ آپ نے اپنے کورس کو دل لگا کر پڑھا اور سمجھا ہوگا، جس کی جانچ پرکھ کے لیے آپ کے کورس میں ایک اسائن منٹ رکھا گیا ہے۔ یہ اسائن منٹ آپ کے پروگرام کی از خود مسلسل جانچ پرکھ کا نہایت موثر ذریعہ ہے۔ اس لیے کورس کا اسائن مینٹ اپنے مقررہ وقت میں جمع کرنا ضروری ہے تاکہ آپ امتحان میں بیٹھنے کے لائق ہو سکیں۔ اسائن منٹ جمع کیے بغیر آپ امتحان میں نہیں بیٹھ سکتے ہیں۔ یہ ٹیوٹر مارکڈ اسائن منٹ (TMA) ہے جو پورے کورس کا احاطہ کرتا ہے اور سو (100) نمبروں پر مشتمل ہے۔

مقصد:

اس اسائن منٹ سے یہ پتہ لگانا ہے کہ فراہم کیے گئے مواد سے آپ نے کس قدر فائدہ اٹھایا ہے۔ دراصل یہ اسائن منٹ آپ کی صلاحیت میں نکھار پیدا کرنے اور معلومات میں اضافے کا باعث ہوگا۔ دوران مطالعہ اگر آپ کو اپنے کورس کی اکائیوں کے متعلق مزید تفہیم و توضیح درکار ہو تو اس کے لیے اپنے اسٹڈی سنٹر کے کاؤنسلر سے معاونت لے سکتے ہیں۔

مشورہ:

سوالوں کو غور سے پڑھیے اور ان نکات کو سمجھیے جن پر سوالات کی بنیاد ہے۔ ضروری باتیں نوٹ کر لیجیے اور انہیں ربط کے ساتھ پیش کیجیے۔ سوالوں کے جواب کتابوں سے نقل کرنے کے بجائے اپنے الفاظ میں لکھنے کی کوشش کیجیے۔ اکائیوں کی عبارت کو ہو بہو نقل کرنے سے گریز کیجیے۔ سوالوں کے جوابات محتاط ہو کر تجزیاتی انداز میں تحریر کیجیے۔ مضمون نما سوالات کو شروع میں تمہید اور آخر میں اخذ شدہ نتائج کے ساتھ لکھیے۔ تمہید میں بتائیے کہ آپ نے سوال کو کس طرح سمجھا ہے اور جواب کس طرح پیش کرنے جا رہے ہیں۔ آخر میں سوال کے جواب کو سمیٹ کر نتیجہ اخذ کیجیے اور جواب دینے کے لیے دوسری کتابوں سے بھی استفاد کرکے حوالہ درج کر سکتے ہیں۔ اس طرح آپ کا مطالعہ وسیع تر ہوگا اور موضوع پر آپ کی گرفت مضبوط ہوگی۔

آپ کو اپنے جوابات کے سلسلے میں معلوم ہونا چاہیے کہ وہ:

- منطقی نوعیت کے ہوں۔
- جملے اور پیرا گراف کے درمیان ربط ہو۔
- خیال اور طرز تحریر میں مطابقت ہو۔
- سوالوں کے مطابق ہی جامع جواب تحریر کیجیے۔

ہدایت :

یہ یاد رہے کہ سمسٹر کے امتحان میں بیٹھنے سے پہلے آپ کو ہر کورس کا اسائن منٹ جمع کرنا ہے۔ اسائن منٹ کی ایک کاپی اپنے پاس محفوظ رکھیے تاکہ گم ہونے کی صورت میں حوالے کے لیے آپ کے پاس اپنا اسائن منٹ موجود رہے۔ ہماری نیک خواہشات آپ کے ساتھ ہیں۔

اپنا اسائن منٹ لکھنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے:

1۔ پروگرام گائڈ میں اسائن منٹ سے متعلق دی گئی ہدایات کا بغور مطالعہ کیجیے۔

2۔ اپنا نام، رول نمبر اور تاریخ کاپی کے پہلے حصہ کی بائیں جانب لکھیے۔

3۔ کاپی کے بیچ میں کورس کا نام، اسائن منٹ نمبر اور اپنے اسٹڈی سنٹر کا نام لکھیے۔

4۔ آپ کو ہر کورس کا اسائن منٹ جمع کرنا ہے۔ اگر اسائن منٹ جمع نہیں کیا تو سمسٹر کے امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ملے گی۔

5۔ اپنے اسائن منٹ کے لیے فل اسکیپ سائز کا کاغذ کا استعمال کیجیے۔

6۔ جواب سے پہلے متعلقہ سوال لکھنا ضروری ہے۔

7۔ اسائن منٹ اپنی تحریر میں ہونا چاہیے۔

8۔ اسائن منٹ آپ اپنے اسٹڈی سنٹر پر جمع کیجیے۔

آپ اپنے اسائن منٹ کی کاپی کا پہلا صفحہ درج ذیل نمونے کے مطابق بنائیے:

کورس کا عنوان(اردو)----------------------/----------------------Course Title

اسائن منٹ نمبر----------------------رول نمبر----------------------------------

نام(اردو)----------------------/--------------------------Name in English

اسٹڈی سنٹر کا نام---

Note:

Last date for submission of Assignment

For December Examination: 31st October

For June Examination: 30th April

Good Luck!

OUL-002

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

Course Code: OULE-002

Course Title: عصری اردو فکشن

Assignment Code: OULE-002/TMA/2023-2024

Coverage: All Blocks

Marks: 100

نوٹ:۔کل پانچ سوالوں کے جواب لکھئے۔اور تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال 1۔اردو میں فکشن کی روایت پر روشنی ڈالئے۔

یا

اردو میں ناول نگاری کا آغاز وارتقا پر روشنی ڈالئے۔

سوال2۔ اردو میں افسانہ کے آغاز وارتقا پر نوٹ لکھیے۔

یا

اردو میں ڈرامانگاری کی روایت پر بحث کیجیے۔

سوال3۔ پریم چند کی افسانہ نگاری پر اظہار خیال کیجیے۔

یا

افسانہ " نیا قانون " کا خلاصہ اپنے الفاظ میں کیجیے۔

سوال4۔ عصمت چغتائی کی افسانہ نگاری پر روچنی ڈالئے۔

یا

کرشن چندر کے ناولوں میں سماجی شعور پر روشنی ڈالئے۔

سوال 5۔ سعادت حسن منٹو کے افسانوں کی امتیازی خصوصیات پر بحث کیجیے۔

یا

آزادی کے بعد اردو افسانوں پر سیر حاصل تبصرہ کیجیے۔